الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

ہر ماہ عاملات نیک اعمال بڑھانے کے طریقے

﴿1﴾ ہر سطح کی اصلاح اعمال ذمہ دار کو چاہیئے کہ وہ ہر سطح اور ہر شعبہ کی ذمہ دار اسلامی بہن پر انفرادی کوشش کرتے ہوئے ان کا ذہن بنائیں کہ ہر ماہ انکی انفرادی کوشش سے ایک نئی اسلامی بہن کو 63 نیک اعمال کا رسالہ پیش کرنے اور روزانہ جائزہ لیتے ہوئے یکم تاریخ کو اپنے ذیلی حلقے میں جمع کروائیں اور دعائے عطار سے حصہ پائیں۔

﴿2﴾ 9 سال کی عمر کی ایسی بچیاں جو کہ ابھی بالغ نہیں ہوئی لیکن خواتین کے مسائل سمجھنے لگ جاتی ہیں انہیں بھی نیک اعمال کا رسالہ سمجھا کر دیا جائے (ایسی بچیاں عموماً ہر گھر میں ہی ہوتی ہیں)

﴿3﴾ شعبہ مدرسۃ المدینہ بالغات کے تحت پڑھنے والی تمام طالبات سے ہر ماہ 100٪ نیک اعمال کے رسالے وصول کیئے جائیں۔

﴿4﴾ ہر ماہ ہونے والے اصلاح اعمال اجتماع میں نئی نئی اسلامی بہنوں کو شرکت کروا کر نئی عاملات نیک اعمال بنائی جاسکتی ہیں۔

﴿5﴾ ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کے آخر میں شفقت نرمی اور بہترین حکمتِ عملی کہ ان کو بوجھ نہ محسوس ہو انفرادی کوشش کر کے ذریعے نیک اعمال کا رسالہ سمجھایا جائے اس سے بھی عاملات نیک اعمال میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

﴿6﴾ ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں اصلاح اعمال کے مکتب کو مضبوط اور یقینی بنایا جائے اس سے بھی عاملات نیک اعمال میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

﴿7﴾ ہر سطح کی اصلاح اعمال ذمہ دار کی یہ کڑھن ہو کے ہر ماہ میرے ملک / صوبہ (اوورسیز میں ملک کے بعد پہلی سطح) / (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) / تحصیل (اوورسیز میں ڈویژن) میں عاملات "نیک اعمال کا اضافہ ہونا چاہیے، مزید اس کے لئے بھرپور کوشش بھی فرمائیں۔

﴿8﴾ نیک اعمال کے رسالے کی وصولی کے اسلامی بہنوں کے گھروں میں جانے کی اجازت نہیں ہے۔